| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: ریاست اور حکومت (State and Government) |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ریاست اور حکومت کی تعریف کر سکیں۔
- ریاست اور حکومت کے مابین فرق کو سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ کو بتائیں جس ملک میں ہم رہتے ہیں۔ یہ ایک ریاست ہے اور اسلامی ریاست ہے۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں ہم ریاست کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 26 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں زمانہ قدیم میں انسان نے شعور حاصل کرتے ہی گروہوں یا خاندانوں کی صورت میں رہنا شروع کر دیا۔ یہی خاندان مل کر قبیلوں اور معاشرے کا تصور لائے۔ آہستہ آہستہ ان قبیلوں میں مشترکہ مقاصد، سیاسی، معاشرتی تعلقات بڑھے جن سے ریاستیں وجود میں آئیں۔
- طلبہ کو ریاست کی تعریف سمجھائیں، ریاست سے مراد ایسا علاقہ جس کی حدود بین الاقوامی معاہدات سے متعین کی جاتی ہیں اور وجود میں آتے ہی اپنے باشندے کے لیے قومیت بن جاتی ہے۔
- انھیں بتائیں ریاست میں رہنے والے حاکم یا محکوم نہیں ہوتے، بلکہ ہر لحاظ سے برابر کے شہری کہلاتے ہیں۔
- طلبہ کو ریاست کے ستون (عناصر) کے بارے میں بتائیں۔
- تختہ تحریر پر ریاست کے عناصر لکھیں اور طلبہ سے بلند خوانی کروائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آبادی | علاقہ | حکومت | خود مختاری |

- انھیں بتائیں اگر ان میں سے ایک ستون بھی کمزور پڑ جائے تو ریاست کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا) کے پہلے دو سوالات کے جوابات طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: ریاست اور حکومت (State and Government) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ریاست اور حکومت کی تعریف کر سکیں۔
- ریاست اور حکومت کے مابین فرق کو سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے گزشتہ سبق سے متعلق سوالات کریں۔

- ریاست سے کیا مراد ہے؟
- ریاست کے ستون کسے کہا جاتا ہے؟

ان سے جوابات لیں اور درست جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں "حکومت" اور "ریاست" میں فرق کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 27 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حکومت ریاست کے عناصر میں سے ایک اہم عنصر ہے۔ حکومت سے مراد لوگوں کا ایسا گروہ ہے جس کے پاس کسی ملک یا ریاست کے انتظامات سنبھالنے کے قانونی طور پر اختیارات موجود ہوں۔
- انھیں حکومت کے بنائے گئے اصول سے متعلق آگاہی دیں کہ حکومت لوگوں کی جان و مال کے تحفظ اور ملک میں امن و امان کی صورتِ حال کو بہتر بنانے کے پیشِ نظر اصول بناتی ہے جنھیں "قانون" کہا جاتا ہے۔
- انھیں بتائیں پاکستان ایک اسلامی جمہوریہ ریاست ہے جس کا ایک مخصوص جغرافیہ ہے۔ یہاں کا نظم و نسق چلانے کے لیے حکومت اور ریاستی ادارے قائم ہیں۔ جو اپنے ذمہ داریاں سرانجام دیتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر حکومت کے شعبے لکھیں: ☆ مقننہ ☆ انتظامیہ ☆ عدلیہ
- ان تینوں شعبوں کی باری باری وضاحت کریں اور طلبہ کو دُہرائی کرائیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

مشق جزو(ا) کے سوال(۳)اور(۴)طلبہ سے پوچھیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائیں کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی 3 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 1 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: ریاست اور حکومت (State and Government) | باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ریاست اور حکومت کی تعریف کر سکیں۔
- ریاست اور حکومت کے مابین فرق کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ میں فرق پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ ریاست اور حکومت میں فرق سے متعلق پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 27 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ریاست اور حکومت کے مابین واضح فرق ہے۔ ریاست چار بنیادی عناصر سے مل کر بنتی ہے۔ ان میں سے اگر کوئی ایک عنصر بھی نکل جائے تو ریاست کا تصور مکمل نہیں ہوتا، جبکہ دوسری طرف حکومت ریاست کا ایک اہم عنصر ہے۔ اس کے بغیر ریاست کے انتظامات سنبھالے نہیں جا سکتے۔

  دوسرا فرق یہ ہے کہ ریاست کا تصور مستقل ہے جب کہ حکومتیں بدلتی رہتی ہیں۔ یعنی ریاست ہر جگہ ایک ہی طرز پر پائی جاتی ہے لیکن حکومت کی شکلیں مختلف ممالک میں مختلف ہوتی ہیں۔

  جیسے بادشاہت، آمریت، جمہوریت، پارلیمانی نظام وغیرہ۔
- طلبہ کو مزید بتائیں ایک ریاست کا احترام تمام شہریوں پر لازم ہوتا ہے۔ تاہم ایک شہری حکومت کی کارکردگی پر تنقید کر سکتا ہے۔ ایک ریاست میں لوگوں کی تعداد لاکھوں کروڑوں ہو سکتی ہے جبکہ حکومت سازی کے لیے پوری آبادی میں سے نمائندوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

**اعادہ** 3 منٹ

طلبہ کو حکومت اور ریاست میں فرق کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو 2 کا سوال (ا) کا جواب طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔